سوال

(294)ذکر کا یہ طریقہ بے دلیل ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں مسجد میں کچھ لوگ اسمائے حسنیٰ کے بعد ایک سو بائیس دفعہ ''یا لطیف'' پڑھتے ہیں۔ کیا یہ عمل شریعت میں ثابت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ عمل جائز نہیں، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا اور صحیح حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے کہ

((مَنۡ أَحۡدَثَ فِي أَمۡرِنَا ہٰذَا مَا لَيۡسَ مِنۡهُ فَهُوَ رَدٌّ))

''جس نے ہمارے دین میں وہ چیز ایجاد کی جو اس میں سے نہیں تو وہ ناقابل قبول ہے۔''

ایک حدیث یہ الفاظ ہیں :

((مَنۡ عَمِلَ عَمَلًا لَيۡسَ عَلَيۡهِ أَمۡرُنَا فَهُوَ رَدٌّ))

''جس نے کوئی ایسا عمل کیا جو ہمارے دین کے مطابق نہیں وہ مردود ہے۔''

وَبِاللّٰهِ التَّوۡفِيۡقُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَصَحۡبِهِ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة، رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر: عبدالعزیز بن باز۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ